سوال

(20) دوران خطبہ شخص باہر سے آکر السلام علیکم کہے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ کے روز جب امام خطبہ پڑھتا ہو اور کوئی شخص باہر سے آکر السلام علیکم کہے تو یہ السلام علیکم کہنا یا اس کا جواب دینا جائز ہے یا منع ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس وقت خطیب خطبہ دے رہا ہو اس وقت سلام نہیں کہنا چاہیے کیوں کہ سلام کہنا سنت ہے اور خطبہ کا سننا فرض ہے۔ تو سلام کہنے والے نے فرض کو ترک کیا، لہٰذا خطبہ کے وقت سلام نہیں کہنا چاہیے۔ اور اگر کسی نے سلام کہا تو سننے والا چپکے سے جواب دے دے۔ واللہ اعلم بالصواب، حررہ السید محمد عبدالحفیظ غفرلہ

سید محمد نذیر حسین ۱۲۸۱

سید محمد عبدالسلام غفرلہ

۱۳۰۵ سید محمد ابوالحسن

فتاویٰ نذیریہ جلد اول صفحہ ۵۷۵

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 63

محدث فتویٰ